# تعلقات عامہ دفتر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

March 19, 2021

پریس ریلیز

**جامعہ میں پس وبا سماجی فلاح و بہبود کے کام: علاقائی تناظر' کے موضوع پر ایک بین الاقوامی ویبینار کا انعقاد**

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ سوشل ورک نے سوشل ورک کے اس مہینے میں کوڈ ۱۹ کے بعد سماجی فلاح و بہبود کے رجحانات اور خاکوں کو سمجھنے کے لیے مؤرخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۱ء کو ایک بین الاقوامی ویبینار کا انعقاد کیا ہے۔اس بین الاقوامی ویبینار میں جنوب اور جنوبی ایشیا کے مقررین نے شرکت کی۔ان مقررین نے اپنی تقریروں میں کوڈ۔۱۹ کے بعد پیدا صورت حال میں سماجی یگانگت اور عالمی تعلق پر اظہار خیال کیا اور اس بات کی نشان دہی کی کہ اس نازک دور میں سماجی فلاح و بہبود کے پیشے کو مزید فعالیت اور تیزی سے اپنا کام انجام دینا ہوگا۔

بین الاقوامی ویبنیار کی کورآرڈی نیٹر پروفیسر ارچنا دسی تھیں جو ابھی سوشل ورک شعبے کی صدر بھی ہیں۔انھوں نے خدمات فراہم کرنے والے انسانی ماہرین کے رول پر زور دیا اور کہا کہ ان کے کام کا از سر نو جائزہ لینے کی ضرورت ہے تاکہ یہ پیشہ اسی طرح کی دیگر وبائی صورت حال میں مزید تیزی سے کام کر سکے۔

جیسس اینڈ میری کالج ،دہلی یونیورسٹی کے پرنسپل ڈاکٹر سینڈرا جوزیف نے اس اجلاس کی صدارت فرمائی۔انھوں نے جاری وبا کے دوران سماجی اتحاد و یگانگت کی ضرورت پر زور دیا۔پروفیسر آدی فہرالدین (شعبہء سوشل ویلفیئر، یونیورسٹی محمدیہ جکارتہ، انڈونیشیا) نے قومی اور بین الاقوامی سطح پر سماجی فلاح و بہبود کے کام کو از سر تشکیل دینے کی اپیل کی۔پروفیسر سریندر جیسوال (ڈپٹی ڈائریکٹر، ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ آف سوشل سائنسیز) زندگی کے جملہ شعبوں میں ہمہ گیریت کی وکالت کی۔محترمہ پردیپتا کڈمبری (پرنسپل، کڈمبری، میموریل کالج، نیپال) نے 'خود کی

حمایت اور تائید' کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ جناب امرواسنا رناویرا (پرنسپل سری لنکا ایسوسی ایشن آف پروفیشنل سوشل ورکرز) نے، جن طلبا کو سماعت کی دقتوں کا سامنا ہے ان کے لیے اشاراتی زبان تیار کرنے کی ضرورت کونشان زد کیا۔

پروفیسر زبیر مینائی (اعزازی، ڈائریکٹر، سینٹر فار ارلی چائلڈ ہوڈ ڈیولپمنٹ اینڈ رسرچ، جامعہ ملیہ اسلامیہ) نے 'کمیونٹی ورک' کی اہمیت پر گفتگو کی۔

شعبہ سوشل ورک، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی کے فیس بک صفحے پر یہ بین الاقوامی ویبینار براہ راست نشر ہوا۔ ویبنیار میں مختلف شعبۂ حیات سے وابستہ لوگوں نے شرکت کی اس میں تعلیمی اداروں کی نمائندگی کرنے والے افراد بھی تھے، سول سوسائٹی تنظیمیں بھی تھیں اور رسرچ اسکالروں کے ساتھ ساتھ ملک بھر سے طلبا نے اس میں شرکت کی تھی۔

شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی مدد اور ان کے تعاون کے لیے منتظمین نے ان کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے علاوہ پروگرام میں شامل مقررین اور دیگر شرکا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ویبینار اپنے اختتام کو پہنچا۔ ویبینار کافی کامیاب رہا اور سبھی نے اس بات کی تعریف کی کہ اس وبا کے دوران اتنے اہم موضوع کا انتخاب کر کے پروگرام کیا گیا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی